Shabbir / Tanveer

14-10-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

1- وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں، ویڈیو وسیلے سے Brihattar بھارت بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کریں گے۔

2- BIMSTEC ملکوں نے، سرحد پار سے کی جانے والی دہشت گردی سمیت، ہر قسم کی دہشت گردی اور پُرتشدد انتہا پسندی کی سختی سے مذمت کی ہے۔

3- وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت-امریکہ تجارتی بات چیت، صحیح سَمت آگے بڑھ رہی ہے اور جلد ہی ایک سمجھوتہ ہونے والا ہے۔

4- امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو اگلے ہفتے بھارت کا دورہ کریں گے، جس کا مقصد توانائی سے متعلق تعاون اور دفاعی شراکت داری کو مستحکم بنانا ہے۔

5- بہار میں ویشالی ضلعے کے 'راگھوپور دِیارا' علاقے میں کشتی کے ایک حادثے میں 13 افراد ہوگئے۔

6- اور کرکٹ میں .... چوتھا ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ آج شام حیدرآباد میں بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان کھیلا جائے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev. Birhattar Bharat

ثقافت کی وزارت آج سے نئی دلی میں ''Brihattar بھارت: بین الاقوامی کانفرنس'' کا اہتمام کرے گی، جس کا موضوع ہے ''دنیا بھر میں بھارت کے ثقافتی رابطے''۔ وزیراعظم نریندر مودی اِس موقع پر ایک خصوصی ویڈیو پیغام کے ذریعے اجتماع سے خطاب کریں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Akshit

اِس تین روزہ کانفرنس میں 50 ملکوں کے مندوبین، سفیر اور دانشور یکجا ہوں گے اور دنیا کے ساتھ، بھارت کے تاریخی اور موجودہ دور کے ثقافتی رابطوں پر بات چیت کریں گے۔

شرکاء چین، جاپان، منگولیا، نیپال، ایران اور دیگر ملکوں سمیت مشترکہ ثقافتی ورثے اور تہذیبی تبادلوں پر بات چیت کریں گے۔ یہ کانفرنس وسیع تر، بھارتی سماج کی صدی کے موقعے پر منعقد کی جا رہی ہے جسے Brihattar بھارت پریشد کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، جو 14 اکتوبر1926 کو کولکاتہ میں قائم کیا گیا تھا۔ یہ پریشد، بھارتی دانشوروں کی ایک نسل نے، گرو دیو رویندر ناتھ ٹیگور کو اپنا روحانی پیشوا مان کر قائم کیا تھا۔ کانفرنس کے دوران ایک نمائش کا بھی اہتمام کیا جائے گا، جس کا موضوع ہے ''ایشیا کا مشترکہ ثقافتی ورثہ''۔x

اکشت کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں....

BIMSTEC Delhi Declaration

BIMSTEC ملکوں کے وزراءِ خارجہ کی پہلی میٹنگ، دلی اعلامیے کی منظوری کے ساتھ اپنے اختتام کو پہنچی۔

اعلامیے میں BIMSTEC ملکوں نے سرحد پار سے کی جانے والی دہشت گردی سمیت ہرقسم کی دہشت گردی اور پُرتشدد انتہا پسندی کی سختی سے مذمت کی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Yashashwi

اعلامیے میں BIMSTEC ملکوں نے اقوامِ متحدہ کے منشور اور بین الاقوامی قانون کے مطابق، دہشت گردی کیلئے سازگار پُرتشدد انتہا پسندی کی روک تھام اور ایک جامع اور مستقل انداز میں، اُس سے لڑنے کے اپنے عزم کو دوہرایا۔ انھوں نے ایک مربوط، محفوظ، مضبوط، ترقی یافتہ اور خوشحال BIMSTEC خطے کو حقیقت کی شکل دینے کے، علاقائی تعاون کے اپنے عزم کو بھی دوہرایا۔ انھوں نے رکن ممالک میں دہشت گردانہ حملوں کے متاثرین اور اُن کے کنبے کے افراد نیز متاثرہ ملکوں کی حکومتوں کے ساتھ گہری تعزیت اور یگانگت کا بھی اظہار کیا۔ ان ملکوں نے گھریلو اور بین الاقوامی قانون کے مطابق قصورواروں کو کیفرِ کردار تک پہنچانے کیلئے کہا۔

دلی اعلامیے میں انسانوں اور وہ کیمیاوی مادے، جن سے نشہ آور اشیا تیار کی جاتی ہیں، نیز کالے دھن کو جائز بنانے کی روک تھام کے میدانوں میں قطعی لائحۂ عمل پر مؤثر عمل درآمد کے لیے بھی کہا۔

یشثوی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....

PM Canada

وزیرِاعظم نریندر مودی اور کینیڈا کے اُن کے ہم منصب مارک کارنی نے دوطرفہ تعلقات میں تیزی لانے اور دفاعی شراکت داری کے اہم میدانوں میں ٹھوس نتائج کی جانب کام کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ اِن میدانوں میں تجارت، توانائی، ٹیکنالوجی، سیکیورٹی اور عوام سے عوام کے درمیان رابطے شامل ہیں۔

دونوں رہنماؤں نے ٹیلی فون پر گرمجوشی کے ساتھ نتیجہ خیز بات چیت کی۔ جناب مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ بھارت اور کینیڈا، مزید مستحکم اور خوشحال دنیا کی جانب مل کر تعاون دے رہے ہیں۔

اسی دوران کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند کل شام بھارت کے دو روزہ دورے پر نئی دلی پہنچ گئی ہیں۔ اپنے دورے میں آج وہ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور ہنرمندی کے فروغ و کاروبار کے وزیر جینت چودھری سے ملاقات کریں گی۔x

Jaishankar China

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت-امریکہ تجارتی مذاکرات صحیح سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں اور کسی سمجھوتے پر پہنچنے کا امکان ہے۔ نئی دِلی میں بلومبرگ نیو اکنامی فورم سے خطاب کرتے ہوئے جناب جے شنکر نے بتایا کہ دونوں ملکوں کے وزرائے تجارت اس پر کام کررہے ہیں اور دونوں ممالک تجارتی سمجھوتے سے متعلق مذاکرات میں کافی آگے بڑھ گئے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC Payal

ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے زور دیتے ہوئے کہا کہ امریکہ نے خود کو ری-پوزیشن کیا ہے اور ہر ملک کو امریکہ کے ساتھ اپنے تعلقات کو دوبارہ نئی شکل دینی ہوگی۔ اُنہوں نے واضح کیا کہ بھارت کی امریکہ کے ساتھ مضبوط اسٹریٹجک ساجھیداری ہے۔

چین پر بولتے ہوئے وزیر خارجہ نے کہا کہ سرحدی علاقوں میں امن و استحکام میں خلل پڑنے کے اثرات دوطرفہ تعلقات پر بھی پڑ سکتے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ سرحدی علاقوں میں امن کی وجہ سے تعلقات معمول پر لوٹ رہے ہیں۔ جناب جے شنکر نے مزید کہا کہ بھارت اور چین، سرحدی علاقوں میں امن و استحکام برقرار رکھنے میں کامیاب رہے ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر نے واضح کیا کہ بھارت اور چین کے درمیان تجارتی توازن جھک گیا ہے اور بالکل یکطرفہ ہوگیا ہے۔

جناب جے شنکر نے وضاحت کی کہ بھارت کو چین کے ساتھ مسابقتی سطح نہیں مل رہی ہے۔

روس پر پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں ڈاکٹر جے شنکر نے واضح کیا کہ بھارت کو کبھی اِس بات کا سامنا نہیں کرنا پڑا کہ روس سے خریدی گئی اشیاء چینی ٹیکنالوجی سے لیس ہیں۔

نئی دِلی سے پائل شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

Rubio India Visit

امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو اگلے ہفتے بھارت کا دورہ کریں گے، جس کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان توانائی سے متعلق تعاون اور دفاعی شراکت داری کو مستحکم بنانا ہے۔

امریکی محکمہ خارجہ نے بتایا کہ جناب روبیو اپنے دورے میں ممبئی اور جام نگر بھی جائیں گے۔ محکمے نے بتایا کہ وہ بھارت، امریکی دفاعی شراکت داری کو مستحکم بنانے، علاقائی اور عالمی حالات وواقعات پر تبادلۂ خیال کرنے اور توانائی سے متعلق مزید تعاون کے منظرنامے پر بات چیت کیلئے سینئر سرکاری افسران سے ملاقات کریں گے۔

جناب روبیو، سرمائے اور اقتصادی تعاون میں اضافے کیلئے سرکردہ تاجروں سے بھی ملاقات کریں گے۔

جناب روبیو کا، مئی سے لے کر اب تک، بھارت کا یہ دوسرا دورہ ہے جب انھوں نے، نئی دلی میں کواڈ وزرائے خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کی تھی، جس کا اہتمام وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کیا تھا۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Bihar Boat Tragedy

بہار کے ویشالی ضلعے کے راگھو پور دِیارا میں کل رات ایک کشتی ڈوبنے کے حادثے میں 13 لوگوں کی موت ہوگئی۔ ویشالی کی ضلع مجسٹریٹ ورشا سنگھ نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ راگھو پور میں گنگا ندی میں کشتی کے ڈوبنے میں 13 لوگوں کی موت ہوگئی، جبکہ 6 لوگوں کو بچا لیا گیا ہے۔ جان گنوانے والوں میں زیادہ تر نابالغ بچے ہیں، جو ایک دعوت میں شرکت کیلئے کشتی سے سفر کررہے تھے۔ حادثے کے وقت کشتی پر 15 سے 20 افراد سوار تھے۔ 7 افراد کو بہتر علاج کیلئے دوسرے اسپتال منتقل کیا گیا ہے۔اِس دوران وزیراعظم نریندر مودی نے حادثے میں مرنے والوں کے اہل خانہ کیلئے دو-دو لاکھ روپے اور زخمیوں کیلئے فی کس 50 ہزار روپے کی مالی مدد کا اعلان کیا ہے۔

بہار کے وزیراعلیٰ سمراٹ چودھری نے حادثے میں مرنے والوں کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا ہے اور جان گنوانے والوں کے اہل خانہ کیلئے فی کس 4 لاکھ روپے کا اعلان کیا ہے۔x

Rev. Kolkta Durga Puja

کولکاتہ میں جیسا کہ درگا پوجا اپنے عروج کی طرف بڑھ رہی ہے۔ اس تہوار میں مزید جوش و خروش آتا جا رہا ہے۔ آج چترتھی ہے۔ اِس دوران رنگ برنگے پنڈال لگائے گئے ہیں، جن میں رنگ برنگی روشنیوں کا استعمال کیا گیا ہے۔ پنڈالوں کو قطعی شکل دی جا رہی ہے۔

بنگالی افراد کے لیے درگا پوجا ایک تہوار سے بڑھ کر ہوتی ہے۔ یہ وقت خوشی منانے اور روایتی طور پر یکجا ہونے کا ایک بڑا موقع ہوتا ہے۔x

Prez.Andhra Pradesh Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اپنے دو روزہ آندھراپردیش دورے پر آج وجے واڑہ پہنچیں گی۔ صدرجمہوریہ کل قومی Saras میلہ 2026 کا افتتاح کریں گی۔

پیش ہے ایک رپورٹ

VC Allu Murali

صدرجمہوریہ آج شام وجے واڑہ کے سری کنک دُرگا مندر میں پوجا کریں گی۔ وہ کل وجے واڑہ میں قومی Saras میلہ 2026 کا افتتاح کریں گی۔ اِس میلے کا انعقاد، دیہی ترقیات کی مرکزی وزارت اور حکومت آندھرا پردیش کی جانب سے مشترکہ طور پر کیا جارہا ہے۔ میلے میں 36 سے زیادہ ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے اپنی مدد آپ گروپوں کی ڈیڑھ ہزار سے زیادہ خاتون اراکین حصہ لے رہی ہیں۔ Saras میلہ 2026، خواتین کاروباریوں کو اُن کے روایتی کرافٹ کی نمائش کرنے اور اُسے وسیع تر بازار رسائی کے ذریعے ملک بھر کے صارفین کو فروخت کرنے میں مدد کرتا ہے۔

وجے واڑہ سے الو مرلی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

PM 25 Years Dholera

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے 25 سال مکمل کرلیے ہیں۔ ''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے منتر اور پختہ عزم کے ساتھ یہ سفر آگے بڑھا ہے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ سیوا اور سُشاسن کے اُن کے نظریے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے سرکار 2047 تک وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی سمت لگاتار کام کررہی ہے۔ اپنی خصوصی سیریز کے تحت آج ہم اِس بات کا تذکرہ کررہے ہیں کہ Dholera جیسے خصوصی سرمایہ کاری کے علاج جیسے منصوبوں کے ذریعے اِس نظریے کو کس طرح عملی شکل دی گئی ہے۔

VC Aparna Khunt

زیادہ تر صنعتی شہر پہلے پھیلتے ہیں اور بعد میں سنورتے ہیں۔ Dholera وزیراعظم نریندر مودی کے نئے وژن: کھمبات کی خلیج پر ایک بالکل نیا اسمارٹ سٹی، جہاں ہر پلاٹ فروخت ہونے سے پہلے سڑکیں، پانی، بجلی اور انٹرنیٹ دستیاب ہو۔ بھارت کی پہلی سیمی کنڈکٹر فیبریکیشن فیکٹری بھی Dholera میں قائم کی جارہی ہے۔

Dholera کے جدید ترین مینوفیکچرنگ مرکز بننے سے متعلق وزیراعظم نے کہا تھا کہ

SB: PM Modi

وہیں گجرات کے وزیراعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے Dholera اسمارٹ سٹی اور اُس کے تیزی سے بڑھتے بنیادی ڈھانچے پر روشنی ڈالتے ہوئے کہاکہ

SB: Cheif Minister

ایک تاریخی آبی راستے سے لے کر بھارت کے جدید ٹیکنالوجی مینوفیکچرنگ مستقبل بننے تک Dholera، دوراندیشی پر مبنی منصوبہ بندی اور وِکست بھارت کا گواہ ہے۔
احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

West Bengal Madarsa

مغربی بنگال سرکار نے مدرسہ سروس کمیشن کو، اسکول سروس کمیشن میں ضم کردیا ہے۔ اِس سلسلے میں ایک نوٹیفکیشن کل جاری کیا گیا۔ ریاستی کابینہ نے اس فیصلے کو پانچ اکتوبر کو منظوری دی تھی۔
وزیراعلیٰ سویندو ادھیکاری نے کچھ ہی دن پہلے اعلان کیا تھا کہ مدرسے میں آئندہ سبھی تقرر اسکول سروس کمیشن کے ذریعے کیے جائیں گے۔
اقلیتی امور کے وزیر خودی رام Tudu نے کہا کہ اِس قدم کا مقصد مدرسوں میں، تعلیم کی ممتاز شناخت کا تحفظ کرتے ہوئے اور ہونہار امیدواروں کے لئے بہتر موقع فراہم کرتے ہوئے، اساتذہ کی شفاف اور غیر جانبدارانہ بھرتی کو یقینی بنانا ہے۔x

UPI MDR

کسی شخص سے کاروباری کو مخصوص لین دین پر UPI مرچنٹ ڈِسکاؤنٹ ریٹ MDR، دیوالی کے بعد نافذ ہوگا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ادائیگیوں سے متعلق بھارتی قومی کارپوریشن نے کہا ہے کہ UPI اور خدمات سے متعلق قائمہ کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ تہواروں کو ذہن میں رکھتے ہوئے کسی شخص سے کاروباری کو مخصوص UPI لین دین پر MDR دیوالی کے فوراً بعد نافذ ہوگا۔x

Tump Houtihis

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یمن کے حوثی باغیوں کو سعودی عرب پر حملوں سے خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ یمن سے متعلق کوششوں میں ترکی کے صدر رجب طیب اردگان کی شمولیت کی کوشش کرسکتے ہیں۔ تاہم ٹرمپ نے اِس بات کی تصدیق کرنے سے انکار کردیا ہے کہ آیا انہوں نے حوثیوں کے خلاف فوجی کارروائی کا فیصلہ کیا ہے۔
امریکی صدر نے ایران کو ناکام ملک قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ واشنگٹن جلد ہی اپنے اگلے قدم کا فیصلہ کرے گا۔ یہ ریمارکس سعودی عرب پر حوثی باغیوں کے حملوں کے بعد سامنے آئے ہیں۔

اِس دوران کُل ریاض میں دو ناکام کئے گئے کروز میزائلوں کے گرتے ملبے سے چار افراد زخمی ہوگئے اور 15 رہائشی املاک کو نقصان پہنچا۔

سعودی عرب کی توانائی کی وزارت نے بھی Dhahran میں سعودی آرامکو کی انتظامی عمارت پر حملے اور آتش زدگی کی اطلاع دی ہے۔

اس دوران ایران نے سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان بات چیت میں سہولت فراہم کرنے پر آمادگی ظاہر کی ہے۔ ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے تنازعہ کے سفارتی حل پر زور دیا ہے۔×

Sports Ministry Coach

کھیلوں کی وزارت نے پیرا نشانے بازی کوچ، جے پرکاش نوٹیال کو پیرا ایشین گیمز کے بھارتی دستے کے کوچ کے عہدے سے ہٹا دیا ہے۔ نوٹیال پر سلیکشن بے ضابطگیوں کا الزام ہے اور اُن کے خلاف جانچ کا مطالبہ کیا جارہا ہے۔ طویل عرصے سے قومی کوچ رہے جیون ایل رائے اب نوٹیال کی جگہ لیں گے۔ کھیلوں کی وزارت نے جاپان کے آئچی-نگویا میں 18 اکتوبر سے شروع ہونے والے پیرا ایشیائی کھیلوں کیلئے 166 ایتھلیٹس کو منظوری بھی دی ہے۔×

Denmark Open 2026 Badminton

بیڈمنٹن میں بھارتی کھلاڑی تنوی شرما اور کدامبی سری کانت نے اپنے ابتدائی میچوں میں سخت جدوجہد کے بعد ڈنمارک اوپن 2026 کے دوسرے راؤنڈ میں جگہ بنالی ہے۔ تنوی نے تین گیمز کے سنسنی خیز مقابلے میں جاپان کی Natsuki Nidaira کو دو-ایک سے شکست دی۔×

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD، نے جموں وکشمیر، لداخ، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں آج شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

محکمے نے ہریانہ، چنڈی گڑھ، دِلّی، ہماچل پردیش، پنجاب اور مغربی راجستھان میں شدید بارش کے ساتھ اولے پڑنے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔

آندھرا پردیش، اوڈیشہ، راجستھان، ودربھ، ہماچل پردیش، کیرالہ، شمالی اندورنی کرناٹک، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں بجلی گرنے اور گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چل سکتی ہیں۔

موسمیاتی ایجنسی نے بھی آج ساحل کرناٹک، کونکن اور گوا میں گرم مرطوب موسم کی پیش گوئی کی ہے۔×

Panchayati Special Campaign

پنچایتی راج کی وزارت آج ایک روزہ صفائی ستھرائی اور زیرِ التوا کاموں کو نمٹانے کی مہم کا اہتمام کرے گی۔
مہم کا اہتمام چھٹے مرحلے کے طور پر کیا گیا ہے، جس کا مقصد، کام کی جگہ پر صفائی ستھرائی کو فروغ دینا، دفتر کی جگہ کے استعمال میں بہتری اور زیرِ التوا معاملات کو نمٹانے میں تیزی لانا ہے۔x

Cricket 4th T20

مردوں کے کرکٹ میں آج حیدرآباد میں چوتھے ٹی ٹوینٹی میچ میں بھارت کا مقابلہ ویسٹ انڈیز سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام 7 بجے کھیلا جائے گا۔
بھارت نے پچھلے اتوار کو پانچ میچوں کی سیریز میں اندور میں تیسرے ٹی ٹوینٹی میچ میں ویسٹ انڈیز کو 14 رن سے ہراکر دو-ایک کی سبقت حاصل کرلی تھی۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسلم بیگ
شکریہ - ضمیر رضوی

قومی راجدھانی دلی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔
روزنامہ انقلاب نے وزیراعظم نریندر مودی کے اُس بیان کو صفحۂ اول کی شہ سرخی بنایا ہے جس میں انھوں نے کہا ہے کہ سب کو ساتھ لے کر چلنا اکیسویں صدی کا تقاضہ ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت دوسروں کی قیمت پر آگے بڑھنے کے بجائے سبھی کو ساتھ لے کر ترقی کرنے پر یقین رکھتا ہے۔
وہیں اخبار نے سعودی عرب اور یمن کے حوثی باغیوں کے درمیان بڑھتی کشیدگی کے مدِّنظر بھارتی سفارتخانے کی جانب سے جاری ایڈوائزری کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ بھارتی شہریوں سے کہا گیا ہے کہ وہ احتیاط برتیں، گھروں میں رہیں اور مقامی حکام کی ہدایات پر عمل کریں۔
روزنامہ پرتاپ نے اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیرِمملکت ایل مروگن کی جانب سے وزارتی عہدے اور راجیہ سبھا رکنیت سے استعفیٰ دینے کی خبر کو نمایاں جگہ دی ہے۔ وزیراعظم مودی کو لکھے خط میں جناب مروگن نے وزیراعظم کی قیادت میں مرکزی حکومت میں کام کرنے کے اپنے تجربات شیئر کیے۔

وہیں پرتاپ نے دیوالی تک UPI ادائیگیوں پر MDR چارجز ملتوی کیے جانے کی خبر کو صفحۂ اول کی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار کے مطابق نیشنل سِمِنٹ کارپوریشن آف انڈیا NPCI نے تہواروں کے سیزن کو دیکھتے ہوئے نومبر کے دوسرے مہینے میں MDR چارجز کو دیوالی کے بعد نافذ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیرِاعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں، ویڈیو وسیلے سے Brihattar بھارت بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کریں گے۔

2- BIMSTEC ملکوں نے، سرحد پار سے کی جانے والی دہشت گردی سمیت، ہر قسم کی دہشت گردی اور پُرتشدد انتہا پسندی کی سختی سے مذمت کی ہے۔

3- وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت-امریکہ تجارتی بات چیت، صحیح سَمت آگے بڑھ رہی ہے اور جلد ہی ایک سمجھوتہ ہونے والا ہے۔

4- امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو اگلے ہفتے بھارت کا دورہ کریں گے، جس کا مقصد توانائی سے متعلق تعاون اور دفاعی شراکت داری کو مستحکم بنانا ہے۔

5- بہار میں ویشالی ضلعے کے 'راگھوپور دِیارا' علاقے میں کشتی کے ایک حادثے میں 13 افراد ہوگئے۔

6- اور کرکٹ میں .... چوتھا ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ آج شام حیدرآباد میں بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان کھیلا جائے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔